**CODE-70**

دستخط نگران کار

**Booklet Serial No.**

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (مدرسہ میں زبان کی تدریس)

## انٹرنس ٹسٹ پرچہ سوالات، مئی 2026

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

**Time: 2hrs** **Maximum Marks: 70**

## امیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر اُمیدوار اپنا ہال ٹکٹ نمبر اور OMR نمبر لکھیں۔ امیدوار اپنا ہال ٹکٹ نمبر اور OMR نمبر کسی اور جگہ نہ لکھیں۔
2. یہ سوال نامہ (24) صفحات پر مشتمل ہے۔ امیدوار امتحان دینے سے پہلے سوالنامہ چیک کریں۔ کسی بھی تضاد کی صورت میں، نگران کار کی جانب سے ایک نیا سوالنامہ فراہم کیا جا سکتا ہے۔
3. سوال نامہ حصہ A اور حصہ B پر مشتمل ہے۔ حصہ A میں 50 متعدد انتخابی سوالات (MCQ) ہیں، ہر ایک میں چار آپشنز ہیں۔ امیدوار صحیح جواب کا انتخاب کریں اور OMR شیٹ پر نیلے یا سیاہ بال پوائنٹ قلم کا استعمال کرتے ہوئے متعلقہ دائرے کو نشان زد کریں۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ OMR شیٹ میں متعلقہ سوال نمبر کے سامنے صحیح جواب پر صحیح طریقے سے نشان نہ ہونے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس کے علاوہ، اگر کسی سوال کے لیے ایک سے زیادہ آپشن نشان زد کیے گئے ہیں تو اس سوال کے لیے کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔
4. حصہ دوم چار وضاحتی سوالات پر مشتمل ہے، ہر سوال کے لیے 5 نمبر ہیں۔ جوابات صرف 8 صفحات پر مشتمل دیے گئے جوابی پرچے میں ہی لکھیں جائیں۔ کوئی اضافی جوابی پرچہ جاری نہیں کیا جائے گا۔
5. کوئی منفی نشانات نہیں ہیں۔
6. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر، امیدواروں کو اجازت ہے کہ وہ اپنا سوال نامہ لے جائیں۔ OMR شیٹ اور جوابی پرچہ نگران کار کے حوالے کر دیں۔

***

**CODE-70**

## Part A
## Section 1 – Research Methodology

1. آبادی سے کیا مراد ہے؟

(A) صرف نمونہ (B)) زیرِ مطالعہ مکمل گروہ

(C) جمع کردہ معلومات (D) اوزار

2. نمونہ سازی سے کیا مراد ہے؟

(A) معلومات جمع کرنا (B) آبادی میں سے ایک گروہ کا انتخاب کرنا

(C) رپورٹ تحریر کرنا (D) تجزیہ کرنا

3. متغیرات کیا ہوتے ہیں؟

(A) مستقل اقدار (B) تحقیق میں تغیر پذیر عوامل

(C) اوزار (D) نتائج

4. آزاد متغیر کیا ہوتا ہے؟

(A) نتیجہ (B) سبب

(C) حاصل (D) مستقل

5. تابع متغیر کیا ہوتا ہے؟

(A) سبب (B) پیش گوئی کرنے والا

(C) نتیجہ (D) مستقل

**CODE-70**

6. سوالنامہ کیا ہے؟

(A) تجزیے کا ذریعہ
(B) معلومات کے حصول کا آلہ
(C) مفروضہ
(D) متغیر

7. مشاہدہ کس کا طریقہ ہے؟

(A) معلومات کا حصول
(B) معلومات کا تجزیہ
(C) رپورٹ نویسی
(D) نمونہ سازی

8. ناول کس قسم کی تحقیق کا ماخذ ہوتا ہے؟

(A) مقداری تحقیق
(B) معیاری تحقیق
(C) تجرباتی تحقیق
(D) شماریاتی تحقیق

9. کون سا طریقہ عددی معلومات استعمال کرتا ہے؟

(A) معیاری تحقیق
(B) مقداری تحقیق
(C) کیس اسٹڈی
(D) ایتھنوگرافی

10. معیاری تحقیق کا بنیادی ارتکاز کس پر ہوتا ہے؟

(A) اعداد
(B) شماریاتی تجزیہ
(C) معانی اور انسانی تجربات
(D) تجربات

11. مفروضہ کیا ہے؟

(A) حتمی نتیجہ
(B) ثابت شدہ نتیجہ
(C) ایک عارضی بیان جسے جانچا جاتا ہے
(D) معلومات جمع کرنے کا ذریعہ

12. مقداری تحقیق کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

(A) مفروضے کی جانچ
(B) تجربات کی وضاحت
(C) ایک واحد کیس کا مطالعہ
(D) انٹرویو کرنا

13. مخلوط طریقہ تحقیق میں---

(A) کیس اسٹڈی اور ایکشن ریسرچ کو یکجا کیا جاتا ہے
(B) معیاری اور مقداری طریقوں کو جمع کیا جاتا ہے
(C) مشاہدہ اور غور و فکر کو ملایا جاتا ہے
(D) صرف انٹرویو لیا جاتا ہے

14. ادبی جائزہ کیا کردار ادا کرتا ہے؟

(A) معلومات جمع کرنے کا ذریعہ
(B) تجزیے کا طریقہ
(C) تحقیق کی بنیاد فراہم کرتا ہے
(D) مفروضہ جانچنے کا طریقہ

15. ادبی جائزہ میں کیا شامل ہونا چاہیے؟

(A) محقق کی ذاتی آراء
(B) ذاتی تجربات
(C) آئندہ کے شرکاء
(D) موضوع سے متعلق موجودہ علمی مواد

16. معلومات کے تجزیہ سے کیا مراد ہے؟

(A) معلومات جمع کرنا
(B) معلومات کو منظم کرنا اور ان کی تعبیر کرنا
(C) رپورٹ تحریر کرنا
(D) نمونہ سازی

17. تجرباتی تحقیق میں کیا شامل ہوتا ہے؟

(A) محض مشاہدہ
(B) متغیرات میں ردوبدل
(C) انٹرویو
(D) سروے

**CODE-70**

18. اعتبار سے کیا مراد ہے؟

(A) درستی

(B) نتائج کا تسلسل اور یکسانیت

(C) صداقت

(D) تعصب

19. صحت کس کو کہتے ہیں؟

(A) یکسانیت

(B) پیمائش کی درستی

(C) نمونے کا حجم

(D) معلومات کی نوعیت

20. کس قسم کی معیاری تحقیق میں افراد کی زندگی کی کہانیاں بیان کی جاتی ہیں؟

(A) ایتھنوگرافی

(B) گراؤنڈڈ تھیوری

(C) علامتی تعامل

(D) بیانیہ تحقیق

21. کس تحقیق میں متغیرات پر قابو، ان میں ردوبدل اور تصادفی انتخاب بنیادی شرائط ہیں؟

(A) بعد از وقوع تحقیق

(B) وضاحتی تحقیق

(C) کیس اسٹڈی تحقیق

(D) تجرباتی تحقیق

22. درج ذیل متغیرات کو ان کی درست خصوصیات سے ملائیں:

| | فہرست اوّل | | فہرست دوم |
|---|---|---|---|
| (A) | آزاد متغیر | (I) | وہ متغیر جو اثر قبول کرتا ہے |
| (B) | تابع متغیر | (II) | وہ متغیر جو سبب بنتا ہے |
| (C) | کنٹرول متغیر | (III) | وہ متغیر جسے قابو میں رکھا جاتا ہے |
| (D) | مجرد / غیر منقسم متغیر | (IV) | وہ متغیر جو مزید حصوں میں تقسیم نہیں ہو سکتا |

(A) A–II, B–I, C–III, D–IV

(B) A–I, B–II, C–III, D–IV

(C) A–III, B–IV, C–I, D–II

(D) A–II, B–III, C–I, D–IV

**CODE-70**

23. نمونہ سازی سے متعلق اصطلاحات کو ان کے درست مفاہیم سے ملائیں:

| | فہرست اوّل | | فہرست دوم |
|---|---|---|---|
| (A) | طبقاتی بے ترتیب نمونہ سازی | (I) | آبادی کا نمائندہ حصہ |
| (B) | نمونہ جاتی خطا | (II) | غیر احتمالی نمونہ سازی کی ایک قسم |
| (C) | مقصدی نمونہ سازی | (III) | اندازے اور اصل قدر کے درمیان فرق |
| (D) | نمونہ | (IV) | آبادی کو طبقات میں تقسیم کر کے ہر طبقے سے نمونہ لینا |

درست جواب منتخب کریں:

(A) A–IV, B–III, C–II, D–I
(B) A–III, B–IV, C–II, D–I
(C) A–IV, B–II, C–III, D–I
(D) A–I, B–III, C–IV, D–II

24. مقداری تحقیق کے مراحل کی درست ترتیب کون سی ہے؟

(A) مفروضہ سازی ← جانچ ← نتیجہ
(B) مسئلہ ← مفروضہ ← جانچ ← تعمیم ← نتیجہ
(C) مسئلہ ← نمونہ ← ڈیزائن ← فیلڈ ورک
(D) مسئلہ ← لٹریچر ← نمونہ ← معلومات ← تجزیہ

25. تحقیق کے مراحل کی درست ترتیب کیا ہے؟

(A) مسئلہ کا انتخاب
(B) تحقیقاتی سوال کی تشکیل
(C) طریقۂ کار کا انتخاب
(D) معلومات کی جمع آوری و تجزیہ
(E) نتائج کی رپورٹنگ

(A) A, B, C, D, E
(B) A, C, B, D, E
(C) A, D, B, C, E
(D) B, A, C, D, E

**CODE-70**

## Section 2 – Language Teaching in Madrasa

26. تدریس زبان کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

(A) حافظہ مضبوط کرنا (B) ابلاغی صلاحیت پیدا کرنا

(C) تحریر کی رفتار بڑھانا (D) ترجمہ کرنا

27. زبان کی چار بنیادی مہارتیں کون سی ہیں؟

(A) مطالعہ، تحریر، فکر، گفتگو (B) سماعت، گفتگو، مطالعہ، تحریر

(C) قواعد، الفاظ، تحریر، گفتگو (D) سماعت، قواعد، مطالعہ، تحریر

28. سماعت اور مطالعہ کو کیا کہا جاتا ہے؟

(A) پیداواری مہارتیں (B) اخذی مہارتیں

(C) فعال مہارتیں (D) ثانوی مہارتیں

29. گفتگو اور تحریر کو کیا کہا جاتا ہے؟

(A) اخذی مہارتیں (B) غیر فعال مہارتیں

(C) پیداواری مہارتیں (D) ادراکی مہارتیں

30. قواعد کا مقصد کیا ہے؟

(A) الفاظ یاد کرانا (B) زبان کو درست استعمال کرنا سکھانا

(C) تیز بولنا سکھانا (D) ابلاغ سے بچنا

31. ذخیرۂ الفاظ سے کیا مراد ہے؟

(A) جملوں کی ساخت (B) الفاظ کا مجموعہ

(C) تلفظ کے اصول (D) تحریر کا انداز

32. مادری زبان کا استعمال تدریس میں کیوں کیا جاتا ہے؟

(A) ہدفی زبان کو بدلنے کے لیے
(B) فہم میں معاونت کے لیے
(C) سیکھنے سے بچنے کے لیے
(D) طلبہ کو جانچنے کے لیے

33. تلفظ کا تعلق کس سے ہے؟

(A) )الفاظ کے معنی
(B) درست آوازوں کی ادائیگی
(C) قواعد
(D) تحریری انداز

34. نصابی کتاب کس کی مثال ہے؟

(A) تدریسی طریقہ
(B) تدریسی مواد
(C) جانچ کا ذریعہ
(D) تحقیقی ڈیزائن

35. جماعتی مباحثہ زیادہ تر کس مہارت کو فروغ دیتا ہے؟

(A) تحریر
(B) صرف سماعت
(C) گفتگو
(D) مطالعہ

36. ابلاغی طریقۂ تدریس (CLT) کس پر زور دیتا ہے؟

(A) قواعدی مشقیں
(B) حقیقی زندگی میں ابلاغ
(C) ترجمہ
(D) حفظ

37. براہِ راست طریقہ کی بنیادی خصوصیت کیا ہے؟

(A) مادری زبان کا استعمال
(B) ترجمہ
(C) صرف ہدفی زبان کا استعمال
(D) قواعد کی وضاحت

38. کام پر مبنی تدریس کس اصول پر مبنی ہے؟

(A) حفظ
(B) بامعنی کاموں کی تکمیل
(C) ترجمہ
(D) قواعدی لیکچر

39. تشکیلی جانچ (Formative Assessment) کا مقصد کیا ہے؟

(A) حتمی درجہ دینا
(B) دورانِ تدریس سیکھنے کو بہتر بنانا
(C) اداروں کا موازنہ
(D) درجہ بندی

40. اختتامی جانچ (Summative Assessment) کب کی جاتی ہے؟

(A) دورانِ تدریس
(B) کورس کے اختتام پر
(C) تدریس سے پہلے
(D) بے ترتیب

41. غلطیوں کی اصلاح کس انداز میں ہونی چاہیے؟

(A) مکمل نظر انداز
(B) سخت اور فوری
(C) معاون اور تعمیری
(D) ترک کر دینا

42. سبق کی منصوبہ بندی کیوں ضروری ہے؟

(A) طلبہ کو قابو کرنے کے لیے
(B) تدریس کو منظم بنانے کے لیے
(C) نصاب سے بچنے کے لیے
(D) تعامل کم کرنے کے لیے

43. سمعی و بصری وسائل کیا فائدہ دیتے ہیں؟

(A) دلچسپی کم کرتے ہیں
(B) فہم میں اضافہ کرتے ہیں
(C) تدریس سے بچاتے ہیں
(D) شرکت محدود کرتے ہیں

44. طالبِ علم مرکوز تدریس کیا ہے؟

(A) استاد کی بالادستی (B) طلبہ کی فعال شرکت

(C) صرف کتاب پر انحصار (D) صرف امتحان

45. کون سا طریقہ تکرار اور مشق کے ذریعے عادت سازی پر زور دیتا ہے؟

(A) ابلاغی طریقہ (B) آڈیو-لنگول طریقہ

(C) براہِ راست طریقہ (D) کام پر مبنی طریقہ

46. کون سا طریقہ محض درستی کے بجائے بامعنی ابلاغ پر زور دیتا ہے؟

(A) قواعد و ترجمہ طریقہ (B) ساختی طریقہ

(C) ابلاغی طریقہ (D) آڈیو-لنگول طریقہ

47. تدریسی طریقوں کو ان کی خصوصیات سے ملائیں:

| | فہرست اوّل | | فہرست دوم |
|---|---|---|---|
| (A) | قواعد و ترجمہ طریقہ | (I) | ابلاغ پر زور |
| (B) | براہِ راست طریقہ | (II) | ترجمہ پر زور |
| (C) | آڈیو-لنگول طریقہ | (III) | تکرار کے ذریعے عادت سازی |
| (D) | ابلاغی طریقہ | (IV) | صرف ہدفی زبان کا استعمال |

(A) A–II, B–IV, C–III, D–I (B) A–I, B–II, C–III, D–IV

(C) A–III, B–I, C–IV, D–II (D) A–II, B–I, C–III, D–IV

**CODE-70**

48. زبان کی مہارتوں کو ان کی خصوصیات سے ملائیں:

| | فہرست اوّل | | فہرست دوم |
|---|---|---|---|
| (A) | سماعت | (I) | اظہار کی مہارت |
| (B) | گفتگو | (II) | اخذی مہارت |
| (C) | مطالعہ | (III) | تحریری متن کو سمجھنا |
| (D) | تحریر | (IV) | زبانی اظہار |

(A) A–II, B–IV, C–III, D–I
(B) A–I, B–II, C–III, D–IV
(C) A–II, B–I, C–IV, D–III
(D) A–III, B–IV, C–II, D–I

49. ایک مؤثر زبان کے سبق کی درست ترتیب کیا ہے؟

(A) مشق ← پیشکش ← اظہار
(B) پیشکش ← مشق ← اظہار
(C) اظہار ← مشق ← پیشکش
(D) مشق ← اظہار ← پیشکش

50. جامع تدریسِ زبان (Integrated Approach) کی بہترین مثال کون سی ہے؟

(A) صرف قواعد کی تدریس
(B) مہارتوں کو الگ الگ پڑھانا
(C) سماعت، گفتگو، مطالعہ اور تحریر کو یکجا کرنا
(D) صرف تحریر پر توجہ

**CODE-70**

Part B (Descriptive Questions)

Answer all four questions 20Marks

Research Methodology

1. تحقیقی ڈیزائن سے کیا مراد ہے؟ اس کے اقسام اور اہمیت پر بحث کریں۔

2. تحقیق میں نمونہ سازی کیا ہے؟ نمونہ سازی کی مختلف تکنیکوں کی وضاحت کریں اور تعلیمی تحقیق میں ان کے فوائد اور حدود کا جائزہ لیں۔

**Subject Concerned (Language Teaching in the Madrasa)**

3. دینی مدرسہ میں زبان کی تدریس میں طالبِ علم مرکوز طریقہ کار کے کردار پر بحث کریں۔ یہ طریقے طلبہ کی شمولیت اور تعلیمی نتائج کو کس طرح بہتر بناتے ہیں؟

4. زبان کی مہارتوں (سننا، بولنا، پڑھنا، لکھنا) کی تدریس کی مختلف حکمتِ عملیوں کی وضاحت کریں۔ ایک استاد ان مہارتوں کو جماعت میں مؤثر انداز میں کس طرح یکجا کر سکتا ہے؟

***